URDU

# برطانیہ میں کام کرنا: آپ کے حقوق کے بارے میں ایک رہنماء کتابچہ




TUC

# برطانیہ میں کام کرنا: آپ کے حقوق کے بارے میں ایک رہنماء کتابچہ

برطانیہ میں ملازمت کے حوالے سے آپ کے حقوق کے بارے میں TUC رہنماء کتابچے میں خوش آمدید۔ TUC برطانیہ میں ٹریڈ یوینڈوں کا قومی مرکز ہے - ہم مختلف انواع کے شبعوں میں تقریباً 60 لاکھ (6 ملین) کارکنوں اور 54 یونینوں کی نمائندگی کرتے ہیں۔

ٹریڈ یونینیں کام کے دوران حقوق کا دفاع کرنے، یقینی بنانے کے لئے کہ جائے کار محفوظ ہیں اور اپنے ارکان کے لئے بہتر اجرت اور حالات کے لئے سودا بازی کرنے کے لئے کارکنوں کو اکٹھا کرتی ہیں۔۔ کسی یونین میں شامل ہونے کا طریقہ معلوم کرنے کے لئے،
www.tuc.org.uk

ہمیں امید ہے آپ اس رہنماء کتابچے کو مفید پائیں گے۔ براہ مہربانی اس کو اپنے رفقائے کار اور دوستوں کے ساتھ شیئر کریں۔

فیز 1

**دست برداری:** کسی بھی ملک کا قانونی نظام ہمیشہ پیچیدہ ہوتا ہے۔ آپ کو اسے بنیادی باتوں کے رہنماء کے طور پر لینا چاہیے۔
اگر آپ کے خیال میں آپ کو نقصان ہو رہا ہے، یا آپ کا آجر قانون توڑ رہا ہے تو آپ کو مزید مشورہ حاصل کرنا چاہئے یہاں:
www.acas.org.uk/helpline

# فیز 1 آپ کس قسم کے کارکن ہیں؟

برطانیہ میں کام کرنے کا حق رکھنے والے تمام کارکنان کو ملازمت کے حقوق حاصل ہیں۔

تاہم، اگر آپ ایک غیر یورپی یونین ملک سے تعلق رکھتے ہیں تو آپ کے ویزے کے ساتھ ایسی شرائط منسلک ہو سکتی ہیں جو آپ کے کام کرنے کے اوقات اور اس کی قسم کو محدود کر سکتی ہیں ۔ اپنے ویزے کے ساتھ منسلک شرائط کے بارے میں مزید معلومات کے لئے محکمہ داخلہ کی ویب سائٹ https://www.gov.uk/browse/visas-immigration دیکھیں۔

کام کے دوران حقوق جن کا استحقاق آپ کو حاصل ہے کا انحصار اس پر ہے کہ آپ کس قسم کے کارکن ہیں۔برطانیہ میں کارکنان کے عموماً تین قانونی زمرہ جات ہیں: ’ملازمین‘؛ ’کارکنان‘ جیسے عارضی یا ایجنسی کے کارکنان؛ اور ’آزاد پیشہ‘









ملازم

کارکن

آزاد پیشہ

# آپ کے ملازم ہونے کا امکان ہے اگر:

- آپ سے تو قع کی جائے کہ آپ کام پر باقاعدگی سے حاضر ہوں
- آپ اپنے آجر سے توقع کریں کہ آپ کو باقاعدہ اوقات کار یا کام مہیا کرے
- آپ کو جو کام آپ کرتے ہیں کے لئے ادائیگی کی توقع ہو۔
- آپ سے توقع کی جائے کہ آپ اپنا کام خود انجام دیں (یعنی آپ کو اجازت یہ کام کرنے کے لئے اپنے کسی دوست یا خاندان کے رکن کو کہنے کی اجازت نہیں ہو گی)
- آپ کو کام کرنے سے انکار کرنے یا کام پر آنے سے انکار کرنے کی اجازت نہیں ہے
- آپ کیسے، کب اور کہاں کام کرتے ہیں کا اختیار آپ کے آجر کو ہے۔
- آپ کا آجر آپ کی اُجرت میں سے ٹیکس اور قومی بیمہ ادا کرتا ہے
- آپ کا آجر آپ کے اوزار، سامان،سہولیات، وردی وغیرہ فراہم کرتا ہے۔
- آپ کے پاس ملازمت کا ایک تحریری معاہدہ ہوتا ہے

**نوٹ:** اگر آپ پر ان حقائق کا اطلاق نہیں ہوتا، تو آپ 'آزاد پیشہ ' یا ایک 'کارکن' ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کو اپنی ملازمت کی حیثیت کے بارے میں یقین نہ ہو تو آپ کو ٹریڈ یونین کے کسی نمائندے سے مدد حاصل کرنی چاہئے۔

## تمام ملازمین کو حقوق حاصل ہے کہ:

- ان کوکم ازکم قومی اجرت کے تحت ادائیگی کی جائے https://www.gov.uk/national-minimum-wage
- اُجرت میں سے غیر قانونی کٹوتیوں کے خلاف تحفظ
- سالانہ تنخواہ کے ساتھ چھٹی
- آرام کے وقفے کا کم از کم قانونی وقت
- کام پر حادثات سے تحفظ
- اوسطاً 48 گھنٹے فی ہفتہ سے زائد کوئی کام نہیں
- غیر قانونی امتیازی سلوک کے خلاف تحفظ
- 'مخبری' کے خلاف تحفظ - جائے کار میں غلط کاموں کی اطلاع دینا
- اگر وہ جزوقتی کام کریں تو ان کے ساتھ کم مہربانی والا سلوک نہ کیا جائے
- کسی ٹریڈ یونین میں شامل ہوں
- شکوہ شکایت اور تادیبی کارروائیوں میں کسی کو اپنے ساتھ رکھیں www.tuc.org.uk/workplace/tuc-19823-fo.cfm
- بیماری کے دوران قانونی تنخواہ
- حاملہ ہونے کی صورت میں تحفظ
- زچگی اور پدریت کی چھٹی اور تنخواہ
- کم سے کم نوٹس کے وقفے اگر ان کی ملازمت ختم ہو رہی ہو – مثلاً اگر کوئی آجر ان کو سبکدوش کررہا ہو www.acas.org.uk/index.aspx?articleid=1650
- ناجائز سبکدوشی کے خلاف تحفظ
- لچکدار اوقات کار کی درخواست کرنا https://www.gov.uk/flexible-working
- ہنگامی حالت کے لئے رخصت
- چھانٹی کی قانونی تنخواہ www.tuc.org.uk/sites/default/files/extras/facingredundancy.pdf

فیز 2

TUC

# آپ کے ایک کارکن ہونے کا امکان ہے اگر:

- آپ کے آجر کے لئے ضروری نہ ہو کہ آپ کو باقاعدہ یا ضمانتی اوقات کار (گھنٹے) پیش کرے۔
- آپ کے لئے ضروری نہ ہو کہ آپ اپنے آجر کے پیش کردہ کام یا شِفٹوں کو قبول کریں۔
- آپ کے پاس ایسا معاہدہ ہے جو آپ کو ایک 'عارضی' یا 'جیسے درکار ہو' کارکن کے طور پر بیان کرے۔
- آپ سے توقع ہے کہ آپ اپنا کام خود انجام دیں (یعنی آپ کو اجازت نہیں ہو گی کہ آپ اپنے لئے یہ کام کرنے کے لئے اپنے کسی دوست یا خاندان کے رکن کو کہیں)
- آپ کا آجر آپ کی اُجرت میں سے ٹیکس اور قومی بیمہ ادا کرتا ہے
- آپ کا آجر آپ کے اوزار، سامان،سہولیات، وردی وغیرہ فراہم کرتا ہے۔

**نوٹ:** اگر آپ پر ان حقائق کا اطلاق نہیں ہوتا، تو آپ 'آزاد پیشہ ' یا ایک 'کارکن' ہو سکتے۔ اگر آپ کو اپنی ملازمت کی حیثیت کے بارے میں یقین نہ ہو تو آپ کو ٹریڈ یونین کے کسی نمائندے سے مدد حاصل کرنی چاہئے۔

فیز 2

### تمام ملازمین کو حقوق حاصل ہے کہ:

- ان کوکم ازکم قومی اجرت کے تحت ادائیگی کی جائے https://www.gov.uk/national-minimum-wage
- اُجرت میں سے غیر قانونی کٹوتیوں کے خلاف تحفظ
- سالانہ تنخواہ کے ساتھ چھٹی
- آرام کے وقفے کا کم از کم قانونی وقت
- کام پر حادثات سے تحفظ
- اوسطاً 48 گھنٹے فی ہفتہ سے زائد کوئی کام نہیں
- غیر قانونی امتیازی سلوک کے خلاف تحفظ
- حاملہ کارکنان کے لئے تحفظ
- 'مخبری' - کے خلاف تحفظ – جائے کار میں غلط کاموں کی اطلاع دینا www.pcaw.org.uk
- اگرآپ جزوقتی کام کریں تو آپ کے ساتھ امتیازی سلوک نہ کیا جائے
- کسی ٹریڈ یونین میں شامل ہونا
- شکوہ شکایت اور تادیبی کارروائیوں میں کسی کو اپنے ساتھ رکھنے کا حق www.tuc.org.uk/workplace/tuc-19823-fo.cfm









TUC

# آپ ممکنہ طور پر آزاد پیشہ ہیں اگر:

- آپ اپنا ٹیکس اور قومی بیمہ خود ادا کرتے ہیں
- اپنا کام کرنے کے لئے کسی اور شخص کو ملازم رکھتے
- آپ اپنے اوزار اور سامان خود فراہم کرتے ہیں
- اجرت وصول کرنے کے بجائے آپ اپنے کام کی انوائسز (بیچک) خود فراہم کرتے ہیں
- کسی مسئلے کی صورت میں آپ کو منافع سے محروم ہونے کا خطرہ ہوتا ہے

## نقلی آزاد پیشہ؟

اگر آپ کو شبہ ہو کہ آپ ایک ’کارکن‘ یا ’ملازم‘ ہیں لیکن آپ کے ساتھ ایک آزاد پیشہ کے طور پر سلوک کیا جا رہا ہے، تو آپ کو ٹریڈ یونین کے کسی نمائندے سے فوری مشورہ لینا چاہیے۔

## آزاد پیشہ کارکنوں کے حقوق

- کام پر صحت اور حفاظت
- غیر قانونی امتیاز کے خلاف حفاظت
- اگر آپ حاملہ ہیں، تو آپ زچگی الاؤنس کی اہل ہو سکتی ہیں یا اس کا دعوی کرسکتی ہیں – مزید معلومات کے لئے https://www.gov.uk/maternity-allowance دیکھیں۔

چند اضافی حقوق بھی ہیں جن کا اطلاق آزاد پیشہ کارکنان پر ہوتا ہے جن کا دعویٰ کرنے میں ایک ٹریڈ یونین آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ اپنے کام سے متعلقہ یونین تلاش کرنے کے لئے www.tuc.org.uk/about-tuc/union-finder ملاحظہ کریں۔

فیز 2

ملازم

کارکن

# فیز 2

- ایجنسی کارکن
- کسی یونین میں شامل ہوں
- اوقات کار اور چھٹیاں
- تنخواہ
- کام پر صحت اور حفاظت کے حقوق
- حاملہ یا نئے والدین کے حقوق
- کام کے دوران مسائل سے نمٹنا
- مفید رابطے

TUC

ایجنسی کارکنان کے حقوق
ایجنسی کارکنان: مساوی سلوک
’سپرد شدہ کاموں کے درمیان تنخواہ‘ کے معاہدے
ایجنسی کارکنان: کام کے دوران حادثات

# ایجنسی کارکنان کے حقوق

ایجسنی کارکنان دیگر کارکنان جیسے ہی حقوق کا استحقاق رکھتے ہیں۔

ایجنسی کارکنان جو ’سپرد شدہ کاموں کے درمیان تنخواہ‘ کے معاہدوں پر ہیں، ’ملازمین‘ جیسے حقوق رکھتے ہیں۔

اس علاوہ، ایجسنی کارکنان کوئی کام شروع کرنےسے پہلے شرائط و ضوابط کا ایک تحریری معاہدے کا مطالبہ کرنے کا حق حاصل ہے
www.nidirect.gov.uk/agency-workers-what-information-should-you-get-and-when

## کوئی بھی ایجنسی نہیں کر سکتی

- صرف کام تلاش کرنے یا ان کو اپنے کھاتوں میں شامل کرنے کے لئے کارکنوں سے کوئی فیس لینا
- اپنی کام تلاش کرنے کی خدمات استعمال کرنے کی شرط کے طور پر ایک کارکن سے دیگر مصنوعات یا خدمات جیسا CV تحریر کرنے، تربیت دینے، یا ذاتی حفاظتی سامان خریدنے پر اصرار کرنا
- ایک کارکن کی تنخواہ کو صرف اس لئے روکنا کیونکہ ان کو اس ادارے جس کے لئے انہوں نے کام کیا ہے سے ادائیگی وصول نہیں ہوئی، یا وہ ایک دستخط شدہ ٹائم شیٹ فراہم نہیں کر سکتے۔ یہ ایجنسی کی ذمہ داری ہے کہ ان گھنٹوں کا تعین کرے جن کے لئے کارکن نے واقعتاً کام کیا۔

مزید معلومات کے لئے TUC ایجنسی کارکنان کا رہنماء کتابچہ آن لائن دیکھیں:
https://www.tuc.org.uk/sites/default/files/agencyworkers_o.pdf

# ایجنسی کارکنان: مساوی سلوک

ملازم رکھنے والی کسی ایجنسی میں کام کرنے کے پہلے دن سے کارکنان کو درج ذیل کا حق حاصل ہے:

- سہولیات جیسا کہ مستقل عملے کو حاصل ہیں تک رسائی
- داخلی اسامیوں کے لئے درخواست دینے کے مواقع جیسا کہ مستقل عملے کو حاصل ہیں
- کسی تنظیم میں ایک ہی منصب پر 12 ہفتوں کے لئے کام کرنے کے بعد کارکنان کو حق حاصل ہے کہ:
- ان کو مستقل عملے جیسی شرح پر تنخواہ دی جائے (تاوقتیکہ آپ 'سپرد شدہ کاموں کے درمیان تنخواہ' کے معاہدے پر نہ ہوں ، نیچے دیکھیں)
- مستقل عملے جتنی چھٹیاں
- مستقل عملے جیسی کام کے وقت کی حقداریاں

ایجنسی کارکنان کے حقوق
ایجنسی کارکنان: مساوی سلوک
'سپرد شدہ کاموں کے درمیان تنخواہ' کے معاہدے
ایجنسی کارکنان: کام کے دوران حادثات

ایجنسی کارکنان کے حقوق
ایجنسی کارکنان: مساوی سلوک
’سپرد شدہ کاموں کے درمیان تنخواہ‘ کے معاہدے
ایجنسی کارکنان: کام کے دوران حادثات

# ’سپرد شدہ کاموں کے درمیان تنخواہ‘ کے معاہدے

کارکن جو ’سپرد شدہ کاموں کے درمیان تنخواہ‘ کے معاہدوں کے تحت ملازم ہوں، وہ ایک ملازم رکھنے والے کے لئے 12 ہفتوں کے لئے کام کرنے کے بعد بھی مساوی تنخواہ کے حقدار نہیں ہوتے۔

’اگر آپ ایجنسی کے ایک کارکن ہیں اور آپ کا معاہدہ مندرجہ ذیل خصوصیات کا حامل ہے، تو آپ مساوی تنخواہ کے حقدار نہیں ہوں گے:

- یہ ”مستقل“ ہے اور مقررہ مدت کا معاہدہ نہیں
- یہ اس کم از کم تنخواہ کا تعین کرتا ہے جو آپ وصول کریں گے
- یہ بتاتا ہے کہ آپ سے کہاں پر کام کرنے کی توقع ہے

جو کام آپ کریں گے یہ اس کے گھنٹے بتاتا ہے اور اس کام کی قسم کو بیان کرتا ہے جس کے کرنے کی آپ سے توقع ہے۔ جب آپ کام نہ کر رہے ہوں تب بھی آپ کو سپرد کردہ کاموں کے درمیان ادائیگی کیے جانے کا حق حاصل ہے۔ ’مزید معلومات کے لئے TUC آن لائن گائیڈ کو یہاں دیکھیں:
www.tuc.org.uk/sites/default/files/agencyworkers_o.pdf

اگر آپ اس قسم کے کنٹریکٹ پر ہیں تو ایک یونین کام پر آپ کے حقوق کے لئے دعویٰ کرنے میں آپ کی مدد کر سکے گی۔ ایک یونین میں شامل ہونے کا طریقہ جاننے کے لئے، دیکھیں:
www.tuc.org.uk/about-tuc/union-finder

# ایجنسی کارکنان: کام کے دوران حادثات

ایجنسی کا فرض ہے کہ صحت اور حفاظت کے ان خطرات، جو ایک ایجنسی کارکن کو ملازم رکھنے والے ادارے کے علم میں ہوں، اور ان خطرات کو روکنے یا ان پر قابو پانے والے اقدامات کے بارے میں معلوم کرے۔ انہیں پڑتال کرنا چاہئے کہ ادارے نے صحت اور حفاظت کے خطرے کی ایک مکمل تشخیص انجام دی ہے اور یہ یقینی بنانا چاہئے کہ کارکنان کو کسی ادارے میں ڈالنے سے پہلے ان کو صورت حال سے آگاہ کر دیا گیا ہے۔

ایجنسی کارکنان کے حقوق
ایجنسی کارکنان: مساوی سلوک
’سپرد شدہ کاموں کے درمیان تنخواہ‘ کے معاہدے
ایجنسی کارکنان: کام کے دوران حادثات

# کسی یونین میں شامل ہوں

ٹریڈ یوینینیں وہ ادارے ہوتے ہیں ہیں جو کام کے دوران لوگوں کے حقوق کا دفاع کرتے ہیں، یہ یقینی بناتے ہیں کہ ان کے کام کے حالات محفوظ ہیں اور اپنے ارکان کے لئے بہتر تنخواہ اور حالات کی خاطر سودا کاری کرتے ہیں۔

ٹریڈ یوینینیں اس گائیڈ میں دئیے گئے کُئی حقوق کا دعویٰ کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔ کسی یونین میں شامل ہونے کا طریقہ جاننے کے لئے دیکھیں:
www.tuc.org.uk/join-union

ٹریڈ یونینیں آپ کے آجر اور حکومت سے آزاد ہوتی ہیں اور قانون کے مطابق آپ کسی یونین میں شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ ایک یونین کے رُکن ہیں تو ضروری نہیں کہ آپ اپنے آجر کو بتائیں۔ برطانیہ میں وہ کارکنان جو یونین کی منظم شدہ کام کی جگہوں میں ہیں، اوسطاً بہتر تنخواہ لیتے ہیں اور محفوظ تر ہیں اس لئے ایک یونین میں شامل ہونا اہم ہے۔

اگر کوئی آجر کسی ٹریڈ یونین کو 'تسلیم کرتا ہے'، تو یونین کارکنان کی طرف سے تنخواہ اور شرائط سے متعلق انتظامیہ کے ساتھ سودا کاری کر سکتی ہے۔ اس کو 'مجموعی سودا کاری' کہا جاتا ہے اور اس کے نتیجے میں 'مجموعی معاہدہ جات' پیدا ہوتے ہیں۔ بہت ساری جائے کار میں تنخواہ اور شرائط سے متعلق مجموعی معاہدہ جات ہوتے ہیں جو دیگر مسائل کے علاوہ کم سے کم قانونی تنخواہ ، صحت اور حفاظت، زچگی اور پدریت کے حقوق سے بہتر ہوتے ہیں۔

اگر آپ کسی ٹریڈ یونین کے رُکن ہیں اور آپ کو کام پر کوئی مسئلہ ہے، تو آپ کے اپنے آجر کے ساتھ کوئی مسئلہ حل کرنے کے لیے یونینیں آپ کو ایک نمائندہ پیش کر سکتی ہیں۔ ٹریڈ یونینٰیں قانونی نمائندگی بھی فراہم کرتی ہیں، مثلاً روزگار کے ٹرائبونل یا اگر آپ کو کام پر کوئی حادثہ پیش آتا ہے اگر کام پر اپنے حقوق کی سلامتی اور تحفظ کی خاطر اپنے آجر کے خلاف قانوی کارروائی کرنا ہی واحد راستہ ہو۔

اگر آپ کام کی کسی ایسی جگہ پر یونین کے ایک رُکن ہیں جہاں یونین تسلیم شدہ نہیں، تو کارکنان اور ملازمین کو پھر بھی حق حاصل ہے کہ گلے شکوے اور تادیبی اجلاسوں میں کسی یونین کی جانب سے نمائندگی کیے جانے کا استحقاق ہے اور آپ کی یونین کام پر جن حقوق کے آپ حقدار ہیں کے بارے میں آپ کو مشورہ دے گی۔

اگر آپ یونین کے ایک رُکن نہیں اور کام کی کسی ایسی جگہ پر کام کرتے ہیں جہاں یونین تسلیم شدہ نہیں، تو پھر بھی یونین سے رابطہ

TUC

ہفتہ کار
رات کے دوران کام
آرام کے وقفے
تعطیلات (سالانہ چھٹی)

# ہفتہ کار

ملازمین اور کارکنان کو حق ہے کہ وہ ہفتے میں اوسطاً 48 گھنٹوں سے زیادہ کا م نہ کریں۔ اس کا حساب 17 ہفتوں سے زائد کے عرصے کے لئے لگایا جاتا ہے۔ وہ اپنے معاہدے میں ایک شِق پر دستخط کر سکتے ہیں جس میں وہ ہفتے میں زیادہ سے زیادہ 48 گھنٹے کام کرنے کے اپنے حق سے دست بردار ہو سکتے ہیں لیکن اپنے اس حق سے دست بردار ہونے کے لئے ان پر دباؤ نہیں ڈالا جا سکتا۔ اگر وہ اپنا ذہن بدل لیں اور 48 گھنٹے فی ہفتہ سے زیادہ کام نہ کرنے کے اپنے حق کو نافذ کرنا چاہیں تو وہ اپنے آجر کو اطلاع دے کر ایسا کر سکتے ہیں کہ وہ آپ اپنے اوقات کار کے حقوق سے مزید دست برداار نہیں ہونا چاہتے، اگرچہ انہیں اس کے مؤثر ہونے کے لئے چند ہفتے انتظار کرنا پڑ سکتا ہے۔ ٹریڈ یونین کا نمائندہ رہنمائی فراہم کر سکے گا۔

ملازمین اور کارکنان کو ہر 24 گھنٹے کام کے وقفے کے دوران کام سے 11 غیر منقطع گھنٹوں کے لئے کام سے دور رہنے کا استحقاق حاصل ہے۔

ہفتہ کار
رات کے دوران کام
آرام کے وقفے
تعطیلات (سالانہ چھٹی)

# رات کے دوران کام

رات کی شفٹوں میں کام پر لگے ہوئے ملازمین یا کارکنان کو ہر 24 گھنٹوں میں آٹھ گھنٹوں سے زائد کے لئے کام نہیں کرنا چاہئے۔ اس کا حساب 17 ہفتوں سے زائد کے عرصے میں اوسط کے لحاظ سے یا اگر یہ اس سے کم ہو تو معاہدے کی مدت کے حساب سے لگایا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر: ایک ماہ کے لئے ملازم رکھے گئے کارکن کو 4 ہفتوں کے عرصے میں اوسطاً 48 گھنٹے رات کے کام سے زیادہ کام نہیں کرنا چاہئے۔

آجروں کو چاہئے کہ کارکنان کو رات کا کارکن بننے سے پہلے اور اس کے بعد باقاعدگی کی بنیاد پر صحت کی ایک مفت تشخیص پیش کرے۔

# آرام کے وقفے

ملازمین اور کارکنان کو 20 منٹوں کے آرام کے ایک وقفے کا حق حاصل ہے جہاں کام کرنے کا دن چھ گھنٹوں سے زیادہ ہو۔ اگر کارکنوں کی عمر 18 سال سے کم ہے تو انہیں ساڑھے چار گھنٹے کام کرنے کے بعد 30 منٹ کے وقفے کا حق ہے۔ مزید معلومات کے لئے دیکھیں www.acas.org.uk

# تعطیلات (سالانہ چھٹی)

ملازمین اور کارکنان کو سالانہ چار ہفتوں کی تنخواہ کے ساتھ چھٹیوں جمع 8 دنوں کی ’بینک کی چھٹیاں‘ (قومی چھٹیاں) ملنی چاہیے۔ کام کے بعض مقامات پر آجر تمام عملے کو بینک تعطیلات لینے کی اجازت دیتے ہیں، لیکن کام کی دیگر جگہوں میں عملہ بینک تعطیلات کی جگہ ٹائم آف لے سکتے ہیں۔ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ آپ کو کس کا استحقاق ہے آپ کو اپنا روزگار کا معاہدہ، اپنی عملے کا کتابچہ دیکھنا یا اپنی ٹریڈ یونین کے نمائندوں سے بات کرنی چاہیے۔

# پے سلِپیں

ملازمین کو ہر مرتبہ تنخواہ لیتے وقت ایک پے سلِپ وصول کرنے کے حقدار ہیں۔ پے سلِپ پر یہ درج ہونا چاہئے کہ ان کو کیا تنخواہ دی گئی ہے، کتنی کٹوتیاں (مثلاً ٹیکس، قومی بیمہ اور ٹریڈ یونین کے چندے) کی گئی ہیں اور گھر لے کر جانے والی تنخواہ کتنی ہے۔

ہر سال آجروں ملازمین کو ایک سرٹیفیکیٹ P60 دینا چاہیے جو ان کی سال بھر کی مجموعی تنخواہ، گھر لے جانے والی تنخواہ اور سال کے دوران ان کی تنخواہ سے کی گئی کل کٹوتیاں دکھاتا ہو۔

پے سلِپیں
کم از کم قومی اُجرت
تنخواہ میں سے کٹوتیاں
قومی بیمہ اور ٹیکس
بیماری کی تنخواہ

# کم از کم قومی اُجرت



کارکنان اور ملازمین کو کم از کم قومی اُجرت کے تحت ادائیگی کیے جانے کا حق ہے، جس کا تعین حکومت کرتی ہے اور Low Pay Commission (کمیشن برائے کم تنخواہ) (جس میں ٹڑیڈ یونینیں اور آجر شامل ہوتے ہیں) ہر سال اس پر نظر ثانی کرتا ہے۔

16-17 سال، 18-20 سال، 21 سال اور زائد عمر والے لوگوں اور کار آموزوں کے لئے مختلف شرحیں ہیں۔ کم از کم قومی اُجرت کی تازہ ترین شرح معلوم کرنے کے لئے https://www.gov.uk/national-minimum-wage-rates ملاحظہ کریں

اگر آپ کا خیال ہو کہ آپ کو کم از کم قومی اُجرت سے کم ادائیگی ہو رہی ہے تو کام پر تنخواہ اورحقوق کی ہیلپ لائن https://www.gov.uk/pay-and-work-rights-helpline سے آن لائن رابطہ کریں یا 0300 123 1100 پر کال کریں۔

پے سلِپیں
کم از کم قومی اُجرت
تنخواہ میں سے کٹوتیاں
قومی بیمہ اور ٹیکس
بیماری کی تنخواہ

# تنخواہ میں سے کٹوتیاں

آپ کے آجر کو چاہئے کہ آپ کی تنخواہ سے کوئی کٹوتیاں نہ کرے جب تک کہ:

- قانون کٹوتی کا تقاضا کرتا ہو (یعنی آمدنی ٹیکس اور قومی بیمہ)
- کٹوتی کی آپ کے معاہدے کے تحت اجازت ہو (مثلاً ٹریڈ یونین کے چندے)
- آپ نے کٹوتی کا اختیار دینے کے لئے ایک تحریری معاہدے پر دستخط کیے ہوں
- آپ کے آجر نے آپ کو زیادہ ادائیگی کر دی ہو – اگر ایسا ہو گیا ہے تو ٹریڈ یونین کے نمائندے سے مشورہ طلب کریں
- آپ نے کسی ہڑتال کی وجہ سے کام نہ کیا ہو (آپ کا آجر صرف ان ایام کی اُجرت کاٹ سکتا ہے جن کے لئے آپ نے کام نہیں کیا)

دکانوں پر کام کرنے والے ان کارکنان کے لئے مخصوص قوانین بھی ہیں جہاں آجر کے خیال میں کارکن نے چوری کی ہو – رہنمائی کے لئے ٹریڈ یونین کے کسی نمائندے سے بات کریں

اگر آپ کا آجر آپ کو رہائش فراہم کرتا ہے تو آپ کو کم از کم قومی اجرت کی قدرے کم شرح ادا کر سکتا ہے۔ اس کو رہائشی تلافی کہا جاتا ہے:
https://www.gov.uk/national-minimum-wage-accommodation

نایتوٹک ینوناق ریغ ےس ہاوخنت

- فراہم کردہ کھانوں یا دیگر مفرحات کے لئے کوئی کٹوتیاں نہیں کی جا سکتیں۔
- ایسے حفاظتی سامان کے لئے کوئی کٹوتیاں نہیں کی جا سکتیں جو اپنا کام محفوظ طور پر کرنے لئے آپ کو درکار ہو۔ اگر اس بارے میں آپ کے کوئی تفکرات ہوں، تو آپ صحت اور حفاظت کے ذمہ دار افسر www.hse.gov.uk سے رابطہ کرنا چاہیے۔

TUC

# قومی بیمہ اور ٹیکس

برطانیہ میں ہر کارکن کے پاس ایک قومی بیمہ نمبر ہے۔ یہ حکومت کی جانب سے جاری کردہ ایک ذاتی نمبر ہوتا ہے جو آپ کو قانوی طور پر کام کرنے کے لئے درکار ہوتا ہے۔ اس کو سوشل سیکوریٹی کے چندوں کا سراغ رکھنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اگر آپ تقریباً £100 سے زیادہ کماتے ہیں تو آپ اور آپ کے آجر دونوں کو قومی بیمہ کے چندے ادا کرنے پڑتے ہیں۔ یہ ایک قسم کا ٹیکس ہے۔

آپ کو ایک مخصوص حد سے زیادہ کمائی پر آمدی ٹیکس بھی ادا کرنا ہوگا۔ برطانیہ میں ہر کارکن کے پاس ایک ٹیکس کوڈ ہوتا ہے، جس کو ایک آجر ان کی طرف سے ادا کئے جانے والے ٹیکس کا حساب لگانے کے لئے استعمال کرتا ہے۔ اگر آپ برطانیہ میں اپنا پہلا کام شروع کر رہے ہیں تو غالباً آپ "ہنگامی ٹیکس" ادا کرنا شروع کردیں گے جب تک کہ آپ کو ایک ٹیکس کوڈ نہ دے دیا جائے۔

اگر آپ کے پاس ایک قومی بیمہ نمبر (NINO) نہیں، یا آپ کے آجر نے ایک عارضی نمبر جاری کیا ہےتو آپ کو 0845 6000643 پر فون کرنا چاہیے؛ https://www.gov. uk/apply-national-insurance-number ملاحظہ کریں

اگر آپ کا آجر آپ کو قومی بیمہ یا ٹیکس ادا کیے بغیر صرف نقد ادائیگی کرنے کی پیشکش کرتا ہے ( جس کو "کیش ان ہینڈ" (حاضر نقدی)کہا جاتا ہے)، تو آپ جلد از جلد ایک ٹریڈ یونین کے نمائندے سے بات کرنی چاہیے۔ کسی کو کیش ان ہینڈ پر ملازم رکھنا خلاف قانون ہے۔

پے سلِپیں
کم از کم قومی اُجرت
تنخواہ میں سے کٹوتیاں
قومی بیمہ اور ٹیکس
بیماری کی تنخواہ

# بیماری کی تنخواہ

آپ کی بیماری کی تنخواہ آپ کے معاہدۂ ملازمت میں درج تحریر پر منحصر ہو گی۔

اگر آپ کا آجر بیماری کی تنخواہ ادا نہیں کرتا، تو آپ بیماری کی قانونی تنخواہ (SSP) کے حقدار ہو سکتے ہیں جو کہ ایک معین شرح کا ریاستی فائدہ ہے۔ یہ آجر کی طرف سے بیماری کے پانچویں دن سے لے کر 28 ہفتوں کے لئے قابل ادائیگی ہے۔ آپ SSP کے حقدار ہیں اگر آپ نے قومی بیمہ کے چندوں کی وافر ادائیگی کی ہوئی ہے۔

آپ انکم سپورٹ یا ایمپلائنٹ اور اسپورٹ الاؤنس کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے https://www.gov.uk/contact-jobcentre-plus دیکھیں۔

پے سلِپیں
کم از کم قومی اُجرت
تنخواہ میں سے کٹوتیاں
قومی بیمہ اور ٹیکس
بیماری کی تنخواہ

# کام پر صحت اور حفاظت کے حقوق

آپ جس ادارے کے لئے کام کر رہے ہیں، اس کا فرض ہے کہ آپ کو ایک محفوظ اور صحت افزا کام کا ماحول فراہم کرے۔ اس میں آپ کے کام کی جگہ پر صحت اور حفاظت کے مسائل سے متعلق تربیت شامل ہونی چاہئے۔ ایسے مخصوص قوانین موجود ہیں جن کا اطلاق ان تمام کام کی جگہوں پر ہوگا جہاں کارکنان کے لئے مخصوص خطرات ہوں۔ آپ کو معلوم کرنا چاہئے آیا آپ کے کام کی جگہ پر ٹریڈ یونین کا صحت اور حفاظت کا ایک نمائندہ موجود ہے یا نہیں مزید معلومات کے لئے دیکھیں: www.tuc.org.uk/workplace-issues/health-and-safety/safety-representatives

اپنے صحت اور حفاظت کے حقوق کے بارے میں مزید معلومات کے لئے صحت اور حفاظت کے ایگزیکیٹو کی ویب سائٹ www.hse.gov.uk ملاحظہ کریں۔

# حاملہ یا دودھ پلانے والی ماؤں کے حقوق

تمام کارکن جو حاملہ ہوں یا زچگی کی چھٹی پر ہوں انہیں حق ہے کہ ان کے خلاف حاملہ ہونے کی بناء پر امتیاز نہ برتا جائے ، مثلاً، حمل سے متعلقہ بیماری کی غیر حاضری پر ان کے خلاف تادیبی کارروائی نہ کی جائے۔ ایک ایجنسی کارکن کے بھرتی کار کسی کارکن کے حاملہ ہونے کا پتہ چلنے کی بناء پر اس کو دیا ہوا کام ختم نہیں کرنا چاہیے۔

ایک ادارہ جس میں حاملہ کارکنان یا نئی مائیں کام کررہی ہوں کو ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے ان کو یا ان کے بچوں کو کم سے کم نقصان پہنچے۔

حاملہ یا دودھ پلانے والی ماؤں کے حقوق
زچگی کی چھٹی
نئی یا متوقع ماؤں کے اضافی حقوق
ملازمین کے پدریت کی چھٹی کے حقوق
پدریت کی چھٹی، لچکدار کام اور گھریلو ہنگامی حالات کے لئے چھٹی– ملازمین کے حقوق

# زچگی کی چھٹی

بعض کارکن 39 ہفتوں کے لئے زچگی کی قانونی تنخواہ (SMP) کی اہل ہوسکتی ہیں. آپ کی SMP کے پہلے چھ ہفتوں میں آپ کو آپ کی معمول کی آمدنی کے 90% کے حساب سے ادائیگی کی جاتی ہے اور باقی ماندہ کی ادائیگی مقررہ نرخ پر کی جاتی ہے https://www.gov.uk/maternity-pay-leave/pay

اگر کوئی کارکن SMP کی اہلیت نہیں رکھتی تو پھر وہ 39 ہفتوں کے لئے زچگی الاؤنس کا دعوی کر سکتی ہے. زچگی الاؤنس 39 ہفتوں کے مقررہ نرخ پر ادا کیا جاتا ہے
https://www.gov.uk/maternity-allowance

حاملہ یا دودھ پلانے والی ماؤں کے حقوق
زچگی کی چھٹی
نئی یا متوقع ماؤں کے اضافی حقوق
ملازمین کے پدریت کی چھٹی کے حقوق
پدریت کی چھٹی، لچکدار کام اور گھریلو ہنگامی حالات کے لئے چھٹی– ملازمین کے حقوق

# نئی یا متوقع ماؤں کے اضافی حقوق


حاملہ یا دودھ پلانے والی ماؤں کے حقوق

زچگی کی چھٹی

نئی یا متوقع ماؤں کے اضافی حقوق

ملازمین کے پدریت کی چھٹی کے حقوق

پدریت کی چھٹی، لچکدار کام اور گھریلو ہنگامی حالات کے لئے چھٹی– ملازمین کے حقوق


- قبل از پیدائش اپوائنٹمنٹوں میں حاضری کے لئے تنخواہ کے ساتھ چھٹی
- آجر کو کام کی جگہ پر ملازم اور اس کے بچے کو نقصان سے تحفظ کے لئے اقدامات کرنے چاہیے۔ اگر نقصان کے خطرے کو کم از کم کرنے کے لئے ان کے کام یا کام کے حالات میں موافقت لانا ممکن نہ ہوتو ان کے آجر کو چاہئے کہ ان کو ایسی شرائط و ضوابط پر متبادل کام پیش کرے جو کم موافق نہ ہوں۔ اگر ان کے لئے موزوں متبادل کام میسر نہ کیا جائے، تو آجر کو چاہئے کہ ملازم کو کام سے معطل کر دے اور وہ معطلی کے دوران تنخواہ لینے کے حقدار ہیں۔
- زچگی کی 52 ہفتے تک کی چھٹیاں (پہلے دو ہفتوں کی زچگی کی چھٹیاں لازمی ہیں) زچگی کی چھٹی طلب کرنے یا لینے کی وجہ سے ملازمین کو کسی نقصان کا سامنا نہیں کرنا چاہئے یا ان کے ساتھ کوئی امتیازی سلوک نہیں ہونا چاہئے۔
- اگر ملازمین 26 ہفتے یا کم چھٹی لیتے ہیں تو انہیں اسی کام پر واپس آنے کا حق حاصل ہے۔ اگر وہ 26 ہفتوں سے زیادہ چھٹی لیں تو وہ اسی کام پر واپس آنے کا حق رکھتے ہیں لیکن اگر یہ ممکن نہ ہو تو انہیں حق ہے کہ وہ انہی شرائط و ضوابط کے ساتھ ایم موزوں متبادل کام پر واپس آ سکیں۔
- وہ مائیں جن کے بچے 5 اپریل 2015 کو یا اس کے بعد متوقع ہیں، اپنے 50 ہفتوں تک کی زچگی کی چھٹی کو مشترکہ پدری چھٹی میں بدل سکتی ہیں اگر وہ اور والد / اس کا ساتھی اہل ہوں۔ مزید معلومت کے لئے https://www.gov.uk/shared-parental-leave-and-pay ملاحظہ کریں۔
- اگر ملازمین ایک بچے کو گود لے رہے ہیں اور ان کو بنیادی نگہبان ہونے کا توقع ہے تو ان کو پہلے سال میں چھٹی اور تنخواہ کے وہی حقوق حاصل ہوں گے، مزید معلومات کے لئے https://www.gov.uk/adoption-pay-leave/overview ملاحظہ کریں۔

- حاملہ یا دودھ پلانے والی ماؤں کے حقوق
- زچگی کی چھٹی
- نئی یا متوقع ماؤں کے اضافی حقوق
- ملازمین کے پدریت کی چھٹی کے حقوق
- پدریت کی چھٹی، لچکدار کام اور گھریلو ہنگامی حالات کے لئے چھٹی– ملازمین کے حقوق


# ملازمین کے پدریت کی چھٹی کے حقوق

ایک نئی متوقع ماں کے طور پر، یا والدہ کے ساتھی، جو بچے کی پرورش کا متوقع ذمہ دار ہے، کے طور پر ملازمین کو مندرجہ ذیل حقوق حاصل ہیں:

- قبل از پیدائش دو اپوائنٹمنٹوں میں حاضر ہونے کے لئے بلا تنخواہ رخصت
- دو ہفتوں تک پدریت کی چھٹی جو پیدائش کے وقت کے آس پاس لی جا سکتی ہے اگر ان کو ان کے آجر نے بچے کی پیدائش کے متوقع ہفتے سے پہلے پندرہویں ہفتے میں کم سے کم 26 ہفتوں کے لئے ملازم رکھا ہو۔
- دو ہفتوں تک پدریت کی قانونی چھٹی اگر وہ پدریت کی چھٹی کے اہل ہوں اور انہوں نے کم آمدنی کی حد سے زیادہ کمایا ہو https://www.gov.uk/government/publications/rates-and-allowances-national-insurance-contributions/rates-and-allowances-national-insurance-contributions
- وہ بچے کی نگہداشت کے لئے پہلے سال میں زیادہ چھٹی لے سکتے ہیں اگر وہ اور ماں پدریت کی مشترکہ چھٹی کے اہل ہوں .اس سے والدہ کو اپنے زچگی کی 50 ہفتوں تک کی چھٹی کو SPL میں تبدیل کرنے کا موقع ملتا ہے جو کہ دونوں میں سے کوئی ایک ساتھی پہلے سال میں استعمال کر سکتا ہے۔ https://www.gov.uk/shared-parental-leave-and-pay/eligibility
- اگر ملازم اپنے ساتھی کے ساتھ ایک بچہ گود لے رہا ہے تو اسی کو چھٹی اور تنخواہ کے وہی حقوق حاصل ہوں گے، https://www.gov.uk/adoption-pay-leave/overview ملاحظہ کریں۔

# پدریت کی چھٹی، لچکدار کام اور گھریلو ہنگامی حالات کے لئے چھٹی– ملازمین کے حقوق

- وہ والدین جو ملازم ہیں اور اپنے آجر کے ساتھ ایک سال سے زیادہ سروس رکھتے ہیں، ان کو ایک بچے کی نگہداشت کے لئے پدریت کی چھٹی لینے کا حق ہے۔ یہ چھٹی بلا تنخواہ ہوتی ہے اور ایک ایک ہفتے کے ٹکڑوں میں لی جا سکتی ہے۔ والدین ہر بچے کے لئے زیادہ سے زیادہ 18 ہفتوں کی چھٹی لے سکتے ہیں چھٹی کو بچے کی 5 ویں سالگرہ سے پہلے اسعمال کرنا ضروری ہے. لیکن اپریل 2015 سے، والدین اس چھٹی کو بچے کی 18 ویں سالگرہ تک استعمال کر سکتے ہیں.
- 26 ہفتوں سے زائد سروس کے حامل ملازمین کو حق ہے کہ وہ اپنے آجر سے لچکدار کام کے لئے کہہ سکیں۔

ایک ٹریڈ یونین کا نمائندہ کام پر ان حقوق کا دعویٰ کرنے کے لئے رہنمائی پیش کر سکتا ہے۔

## مزید معلومات

Leave and pay for mothers (PDF)

Paternity leave and pay (PDF)

حاملہ یا دودھ پلانے والی ماؤں کے حقوق
زچگی کی چھٹی
نئی یا متوقع ماؤں کے اضافی حقوق
ملازمین کے پدریت کی چھٹی کے حقوق
پدریت کی چھٹی، لچکدار کام اور گھریلو ہنگامی حالات کے لئے چھٹی– ملازمین کے حقوق

# گلے شکوے

اگر آپ کا خیال ہو کہ کام کے دوران آپ کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کیا جا رہا ہے، مثلاً آپ کا خیال ہو کہ آپ کا آجر آپ کے خلاف امتیاز برت رہا ہے یا آپ کے کام کے حالات مناسب نہیں ہیں، تو ٹریڈ یونین کے کسی نمائندے سے بات کریں۔ اس کے ساتھ ساتھ، آپ کو چاہئے کہ معاملے کو غیر رسمی طور پر اپنے لائن مینیجر کے سامنے اٹھائیں یا اگر یہ ممکن نہ ہو تو ایک مزید سینئر مینیجر کے سامنے اٹھائیں۔

لیکن اگر یہ کارآمد نہ ہو، یا یہ مناسب نہ ہو، تو آپ کو چاہئے کہ اپنے آجر کے گلے شکوؤں کے رسمی طریقۂ کار پر عمل کریں۔ اس میں اپنے آجر کو تحریر کر کے وضاحت کرنا شامل ہو سکتا ہے کہ کس وجہ سے آپ کے خیال میں آپ کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک کیا جا رہا ہے اور آپ کے آجر آپ کی شکایت پر تبادلہ خیال کرنے کے لئے ایک اجلاس بنانے کا انتظام کرنا چاہیے۔ آپ اجلاس میں ٹریڈ یونین کے کسی نمائندے کو اپنے ساتھ لے جانے کا حق رکھتے ہیں۔

اگر آپ نتیجے سے مطمئن نہ ہوں، تو آپ ایک اپیل میٹنگ بلانے کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ دوبارہ، آپ کو حق ہے کہ ایک ٹریڈ یونین کے نمائندے کو ساتھ لے جا سکیں۔

نوٹ: کئی آجر کارکنان یا آزاد پیشہ کارکنان کو گلے شکوؤں کے طریقہ کار استعمال کرنے کی اجازت نہیں دیتے۔ مشورے کے لئے کسی ٹریڈ یونین کے نمائندے سے بات کریں۔

گلے شکوے
انضباطی کارروائی
کام پرامتیاز برتنا اور ہراساں کرنا
کسی مقدمے کو ملازمت ٹر ائبونل میں لے جان

# انضباطی کارروائی

اگر آپ ایک ملازم ہیں اور آپ کا آجر آپ کے خلاف انضباطی کارروائی کرنے کا فیصلہ کرتا ہے تو آپ کو اپنے کیس کے بارے میں ٹریڈ یونین کے کسی نمائندے سے مشورہ لینا چاہیے اور اپنے معاہدے میں درج انضباطی طریقہ کار سے رجوع کرنا چاہیے۔

کم سے کم طور پر، کسی انضباطی کارروائی درج ذیل تقاضے پورے کرنے چاہئے:

- اگر آپ کے آجر کو شبہ ہو کہ آپ کم کارکردگی دکھا رہے ہیں یا آپ نے نامناسب انداز میں کوئی کام کیا ہے تو یہ دیکھنے کے لئے کہ آیا آپ کے خلاف ایک کیس بنتا ہے آپ کے آجر کو تفتیش کرنی چاہیے۔ آپ کا آجر آپ کو ایک تفتیشی اجلاس میں شامل ہو نے کے لئے کہہ سکتا ہے۔ اگرچہ آپ کو حق نہیں کہ ایک تفتیشی اجلاس میں آپ کے ساتھ کوئی اور شخص ہو، تاہم آپ کو پوچھ لینا چاہئے کیونکہ ایک اچھا آجر اس کی اجازت دے دیتا ہے۔
- آپ کے آجر کو رسمی اور تحریری طور پر آپ کو مطلع کرنا چاہیے ان کے خیال میں آپ کے خلاف ایک کیس بنتا ہے۔ آپ کے آجر آپ کو ایک اجلاس میں شرکت کرنے کی دعوت دینا، آپ کو اپنے ہمراہ کسی ٹریڈ یونین کے نمائندے کو لانے کے حق کے بارے میں بتانا، اور آپ کو وہ ثبوت بھیجنا چاہیے جو وہ آپ کے خلاف استعمال کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔
- آپ کے آجر معاملے کے بارے میں بات چیت کرنے کے لئے آپ کے ساتھ بالمشافہ ملاقات کرنی چاہیے۔ آپ کو حق ہے کہ اس اجلاس میں آپ اپنے ساتھ کسی کو لے جائیں، اور آپ کو چاہئے کہ آجر کو مطلع کریں کہ آپ کسی کو ساتھ لے جانا چاہتے ہیں۔ اجلاس کے بعد، آپ کے آجر کو چاہئے کہ اپنے فیصلے اور اس کے خلاف اپیل کرنے سے متعلق آپ کے حق سے آ پ کو مطلع کرے۔

اگر آپ کم از کم دو سال سے ملازم رہے ہیں، تو آپ کا آجر آپ کو صرف اس صورت میں قانونی طور پرسبکدوش کر سکتا ہے اگر وہ یہ دکھا سکیں کہ ایسا کرنے کام کرنے کی آپ کی قابلیت کی وجہ سے ہے۔ درج ذیل وجوہات کی بناء پر سبکدوش کیا جانا غیر قانونی ہے:

- ٹریڈ یونین کی رُکنیت یا سرگرمیاں
- صحت اور حفاظت
- اپنی ملازمت کے حقوق کو استعمال کرنا
- حمل اور زچگی
- امتیاز

آپ کے آجر کو سبکدوشی کے لئے ایک منصفانہ طریقۂ کار کی پیروی کرنی چاہیے۔ اگر وہ ایسا کرنے میں ناکام رہے، تو آپ غیر منصفانہ سبکدوشی کے لئے اپنے آجر کے خلاف دعویٰ کر سکتے ہیں۔ مزید مشورے کے لئے ٹریڈ یونین کے کسی نمائندے سے بات کریں۔

گلے شکوے
انضباطی کارروائی
کام پرامتیاز برتنا اور ہراساں کرنا
کسی مقدمے کو ملازمت ٹر ائبونل میں لے جان

# کام پرامتیاز برتنا اور ہراساں کرنا

اگر آپ کے خیال میں آپ کو کام پر تنگ یا ہراساں کیا جارہا ہے یا آپ کے خلاف امتیاز برتا جا رہا ہے، تو آپ کو کسی ٹریڈ یونین سے بات کرنی چاہئے۔

آپ کو حق ہے کہ آپ کے خلاف آپ کی نسل، صنف، قومیت، مذہب یا عقیدے، جنسی میلان، حمل، زچگی، عمر، یا معذوری (جنہیں 'زیر تحفظ خصوصیات' کہا جاتا ہے) کی بناء پر امتیاز نہ برتا جائے۔

اگر آپ معذور ہیں تو آپ اضافی معاونت کے حقدار ہیں۔ ایک آجر کا فرض ہے کہ احاطے، سامان اور اوقات کار جیسی اشیاء میں 'معقول مواقفتیں' پیدا کرے تاکہ آپ غیر معذور کارکنوں کے مقابلے میں آپ نقصان میں نہ ہوں۔ اس فرض کا اطلاق صرف اس وقت ہوتا ہے جب آجر کو معلوم ہو کہ آپ معذور ہیں۔

آپ کے خلاف اس صورت میں بھی امتیاز برتنا غیر قانونی ہے اگر آپ ایک مقررہ مدت کے معاہدے پر ہیں یا ایک جز وقتی کارکن ہیں۔

امتیازی سلوک میں دیگر کارکنان کی نسبت کم تنخواہ ادا کرنا یا بدتر شرائط و ضوابط فراہم کرنا یا کوئی خاص کام نہ دیا جانا شامل ہو سکتا ہے۔

اگر کام پر کوئی شخص آپ کے ساتھ اس طرح کا سلوک کرتا ہے جو آپ نہیں چاہتے، اور ان کا رویہ مخالفانہ، انتقامی ، توہین آمیز یا ناگوار ہے، بشمول ان چاہی جنسی توجہ، تو اس کو 'ہراساں کرنا' کہا جاتا ہے۔ ہراساں کرنا غیر قانونی ہے اگر اس کا تعلق زیر تحفظ خصوصیات سے ہو۔

امتیازی سلوک کے بارے میں شکایت کرنے پر آپ کو ایذا دینا بھی غیرقانونی ہے۔

آپ کو تنگ کرنے، ہراساں کرنے یا امتیاز برتنے کے تمام واقعات کو تحریر کر لینا اور کوئی اور ثبوت پاس رکھ لینا چاہیے، کیونکہ ایک رسمی شکایت کرنے کی صورت میں آپ کو ان چیزوں کی ضرورت ہو گی۔ ٹریڈ یونین ایک رسمی شکایت کرنے کے بارے میں آپ کو مشورہ دے سکتی ہے۔

TUC

# کسی مقدمے کو ملازمت ٹرائبونل میں لے جانا

گلے شکوے
انضباطی کارروائی
کام پرامتیاز برتنا اور ہراساں کرنا
کسی مقدمے کو ملازمت ٹر ائبونل میں لے جان

اگر آپ کو کام پر کوئی مسئلہ درپیش ہے، تو اسے حل کرنے میں ٹریڈ یونین آپ کی مدد کر سکتی ہے۔ وہ آپ کو اپنا کیس ملازمت ٹرائبونل میں لے جانے کے لئے بھی مدد کر سکتے ہیں۔

ملازمت ٹرائبونل خاص قسم کی عدالتیں ہوتی ہیں جو ملازمت کے مسائل سے نپٹتی ہیں۔ زیادہ تر ٹرائبونل آپ کی ملازمت واپس نہیں دلائیں گے لیکن وہ آپ کو معاوضہ دینے کے لئے آپ کے آجر کو کہہ سکتے ہیں۔

کوئی مقدمہ ٹریبیونل میں لے جانے کے لئے اپنی ٹرید یونین یا ACAS ہیلپ لائن 0300 123 1100 سے مشورہ حاصل اہم ہوتا ہے۔ آپ کو کسی مقدمے کو ملازمت ٹرائبونل میں لے جانے سے پہلے ACAS کو مطلع کرنا چاہیے۔ وہ آپ کو مشورہ دینے کے لئے ایک مفت ‘فوری مصالحت’ خدمت پیش کریں گے۔

زیادہ تر شکایتوں کو مسئلہ واقع ہونے کے تین ماہ کے اندر دائر کرنا لازمی ہوتا ہے۔

ٹرائبونل کو کو درخواست دیتے وقت آپ کو ایک فیس ادا کرنی ہوگی، اور مزید فیس بھی، اگر آپ کے مقدمے کا تصفیہ سماعت سے پہلے نہ کیا جا سکے۔ اگر آپ کی اُجرت کم ہے اور بچت محدود ہے، تو آپ اپنی فیسوں میں کمی کے لئے درخواست کر سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے www.justice.gov.uk/tribunals/employment/claims دیکھیں۔

## مزید معلومات

Understanding grievances and disciplinaries (PDF)

ملازمت کی حیثیت اور حقوق

Support services in Leicester

# مفید رابطے

## ٹریڈ یونین کانگریس

ٹریڈ یونین کانفرنس (TUC) برطانیہ میں کام کرنے والوں کی آواز ہے۔ 55 ملحقہ یونینون، زندگی کے تمام شعبوں سے تقریباً 6 ملین کارکنان کے ساتھ ہم کام پر ایک منصفانہ معاملے اور اندرون اور بیرون ملک سماجی انصاف کے لئے جد و جہد کرتے ہیں۔

ٹیلیفون: 020 7636 4030 ای میل:
info@tuc.org.uk
www.tuc.org.uk

## مشاورتی، مصالحتی اور ثالثی خدمت (ACAS)

ACAS ایک عوامی انجمن ہے جو کام کی جگہ پر اچھے تعلقات کو فروغ دیتی ہے قومی ہیلپ لائن ملازمت سے متعلق سوالات کے جواب دیتی ہے اور آجروں اور ملازمین کو جائے کار کے حقوق کے بارے میں عمومی مشورہ دیتی ہے

ٹیلیفون: 0300 123 1100 اوقات کار 8 بجے صبح سے 8 بجے شام پیر– جمعہ اور ہفتے کو 9 بجے صبح سے 1بجے بعد دوپہر
www.acas.org.uk

## قوقح یناسنا ےئارب نشیمک روا تاواسم

EHRC ایک خود مختار انجمن ہے جو امتیاز کے خاتمے، عدم مساوات میں کمی اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لئے قائم کی گئی ہے
www.equalityhumanrights.com

## شہریوں کی مشاورت کا محکمہ (CAB)

شہریوں کی مشاورت کا محکمہ قرض اور صارف کے مسائل، فوائد، رہائش، قانونی معاملات، روزگار، اور امیگریشن کے بارے میں آن لائن اور ان کے مقامی دفاتر میں مفت، رازدارانہ مشورہ پیش کرتا ہے۔
دیکھیں www.citizensadvice.org.uk

**صحت اور حفاظت ایگزیکیٹو**

صحت اور حفاظت ایگزیکیٹو ایک سرکاری انجمن ہے جو صحت اور حفاظت کے مسائل پر مشورہ و معلومات فراہم کرتی ہے۔ ٹیلیفون: 0300 003 1747 (8.30-5) بجے صبح بجے شام

## میٹرنٹی ایکشن

میٹرنٹی ایکشن ایک خیراتی ادارہ ہے جو حاملہ خواتین کے حقوق کو فروغ دینے اور امتیازی سلوک سے نمٹنے کے لئے کام کر رہا ہے۔ ان کے پاس زچگی کے حقوق کے بارے میں متعدد اور مختلف زبانوں میں معلومات موجود ہیں:
www.maternityaction.org.uk/wp/advice-2/languages

TUC

# Support services in Leicester

Many of the services listed below apply to organisations which can help you, as a worker in Leicester. The information provided is not exhaustive, and there may be further resources available, this information is simply an example guide which can provide suggestions of where to go to access support and help not just for issues at work, but also more widely around benefits and other community advice. Please refer to the Leicester City Council, as well as colleagues from the organisations below to provide you with more information.

**Leicester City Council – Advice Services** have created a partnership booklet which is constantly being updated with information on support services across Leicester. Many of the organisations listed below can be found within the guide, as with many others around a number of different subject areas such as housing, benefits and other community information.

### Trade Unions Congress (The Midlands)

The TUC works with local trade unions to help provide support, information and guidance for workers across the Midlands, and around the UK. Further information on what a union is and how to find one can be found here.

**Local Trade Unions in Leicester:**

**Community**
Paul McKenna (Regional Organiser – Leicester)
01604 813 129

**GMB**
Jed Purkis (Organiser – Midlands & East Coast Region)
01162 324 515

### Welfare Rights Service

The Welfare Rights Service provides free information and assistance to help Leicester residents get their correct benefit entitlements. We offer a confidential service, independent from other parts of the council, to all city residents.

0116 454 5570 (Monday, Tuesday, and Thursday 1pm – 4pm)

### Citizens Advice Bureau (CAB)

0300 330 1025

### Shama Women's Centre

Shama provides thousands of women from different cultures and backgrounds a friendly environment to relax, gain qualifications and make new friends – with multilingual staff to support you. The various services that are offered include: Accredited training in textile skills, IT, and NVQs in health and social care, bereavement counselling, language support, health and wellbeing, women only sauna and gym, Ofsted registered childcare facilities, etc.

0116 251 4747

### Pakistan Youth & Community Association (PYCA)

Formed in 1993, as an association supporting the educational, social, cultural and recreational needs of the Pakistani and the other communities in Leicester – multilingual staff to offer help and support. The various services that are offered include: Information, Advice & Guidance; life skills programme including ESOL, Functional Skills, IT, Employability Skills, Sector Specific Skills etc.; FE (Further Education) & HE (Higher Education) courses; self-employment skills; free internet café, and healthcare programmes.

0116 254 8012

### Highfields Centre

Highfields Centre is located in the heart of a vibrant and diverse community. The centre provides an extensive range of services, including playgroup sessions, youth clubs, adult learning, advice (including employment and business), arts/sports services (gym/sports hall, aerobics, digital arts, film/video editing, music/recording, IT studios and performance arts theatre), H-Cafe and community development.

0116 253 1053

### Fashion and Textiles Children's Trust

Offers grant funding to children (up to 18yrs) whose parents or carers work in the UK fashion and textile industry.

0300 123 9002